## سوال

لڑکی کے باپ سے رشتہ طلب کیا اور لڑکی کا والد فوت ہونے پر چچا اتفاق میں تبدیلی کرنا چاہتا ہے

## جواب

لحمد للہ.

ل :

، کے سوال کا جواب دینے سے قبل ایک مسئلہ پر متنبہ کرنا ضروری ہے کہ : مرد و عورت کے اختلاط والی جگہ پر ملازمت کرنی دونوں یعنی مرد اور عورت کے لیے جائز نہیں ہے کیونکہ یہ ایسے فساد کی جڑ ہے جس کے معاشرے پر غلط اثرات کسی پر مخفی نہیں ہیں، اختلاط کی حرمت کے دلائل ہم سوال نمبر ( 1200

س بھی کسی اختلاط والی جگہ پر ملازمت کرنے میں مبتلا ہو اگر وہ ملازمت ترک کرنے کی استطاعت نہ رکھے تو اسے چاہیے کہ وہ عورتوں کو دیکھنے اور ان سے خلوت کرنے اور بغیر کسی ضرورت اور کام کی بات کے بات چیت نہ کرے.

ترابیوں میں یہ شامل ہے جو اجنبی مرد اور عورت کے مابین پیدا ہوتا ہے جسے لوگ کام کی ساتھ یعنی ملازمت کی جگہ ملازمت کرنے والی سہیلی اور دوست کا نام دیتے ہیں، اس میں حرام نظر بھی پڑتی ہے، اور حرام بات چیت بھی ہوتی ہے، اور پھر خط و کتاب کا سلسلہ بھی ہوتا ہے، جس کے باعث اکثر حرام تعلقات ق

م :

ل کے جواب کے متعلق عرض ہے کہ : آپ کے سوال سے یہی لگتا ہے کہ آپ نے ابھی عورت کے ساتھ عقد نکاح نہیں کیا؛ اس لیے ابھی آپ اس کے لیے ایک اجنبی مرد کی حیثیت رکھتے ہیں، لہذا آپ کے لیے اس کے ساتھ خلوت کرنا اور کثرت سے بات چیت کرنا جائز نہیں، جب تک آپ کا عقد نکاح

اح اس وقت تک صحیح نہیں جب تک اس کا ولی وہاں حاضر نہ ہو، اور اس لیے کہ لڑکی کا والد فوت ہو چکا ہے، یہ ولایت منتقل ہو کر لڑکی کے دادا کو مل چکی ہے، اور اگر دادا نہیں ہے تو لڑکی کے بھائی اس کے ولی ہونگے، اور اگر لڑکی کے بھائی بھی نہیں تو پھر یہ ولایت منتقل ہو کر لڑکی کے چچا کو مل جائیگی.

، کہ وہ بغیر کسی شرعی اور مقبول عذر کے لڑکی کو شادی کرنے سے منع کرے، اور اگر وہ اسے شادی کرنے سے منع کرتے ہیں تو یہ ولایت منتقل ہو کر بعد والے ولی کو مل جائیگی، اور پھر شرعی قاضی کی طرف منتقل ہو جائیگی، یا پھر اس کے قائم مقام کو، اس پر متنبہ رہیں کہ لڑکی کے ماموں اس کے ولی نہیں بن سکتے

اولیاء کی ترتیب دیکھنے کے لیے آپ سوال نمبر ( 2127 ) کے جواب کا مطالعہ کریں.

خ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کہتے ہیں :

کسی مرد سے شادی کرنے پر راضی ہو اور وہ اس کا کفو بھی ہو تو اس کے ولی مثلا بھائی پھر چچا پر واجب ہے کہ وہ اس کی شادی کر دے، اور اگر وہ اسے روکتا اور شادی سے منع کرتا ہے تو دور کا ولی اس کی شادی کریگا، یا پھر اس کی اجازت کے بغیر حاکم شادی کریگا، اس میں علماء کا اتفاق ہے.

لو کوئی حق حاصل نہیں کہ وہ عورت کو کسی ایسے شخص کے ساتھ شادی کرنے پر مجبور کرے جس پر وہ راضی نہیں، اور جس سے وہ نکاح کرنا پسند کرتی ہے اس سے شادی کرنے سے ولی اسے مت روکے جبکہ وہ کفو ہو اس پر آئمہ کا اتفاق ہے.

جاہلیت روکتے اور منع کرتے تھے، اور وہ ظالم قسم کے لوگ ایسا کرتے ہیں جو اپنی عورتوں کی شادی ایسے افراد سے کرتے ہیں جنہیں وہ اپنی غرض کے لیے اختیار کرتے ہیں، اور اس میں عورت کوئی مصلحت نہیں ہوتی، اور وہ اسے ایسا کرنے پر مجبور کرتے ہیں.

، کرتے ہیں حتی کہ وہ اس سے شادی کر لے، اور عداوت کی بنا پر وہ کفو اور مناسب رشتہ سے شادی کرنے پر منع کرتے ہیں، یا کسی اور غرض کی بنا پر اس کی شادی نہیں کرتے، یہ سب جاہلیت کے عمل اور ظلم و دشمنی اور عدوان ہے.

ں اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حرام قرار دیا ہے، اور مسلمان اس کے حرام ہونے پر متفق ہیں، اللہ عزوجل نے عورتوں کے اولیاء پر واجب کیا ہے کہ وہ عورت کی مصلحت کو مد نظر رکھیں، نہ کہ اپنی خواہش کو، جس طرح سارے اولیاء اور وکیل جو کسی دوسرے کے لیے تصرف کرتے ہیں.

، اس میں تو اس کی مصلحت کو مد نظر رکھا جاتا ہے جس کے لیے وہ کام کیا جا رہا ہے نہ کہ اپنی خواہش کو، کیونکہ یہ تو ایک امانت ہے جسے اللہ نے اس کے اہل لوگوں کے سپرد کرنے کا حکم دیتے ہوئے فرمایا ہے :

یقینا اللہ تعالی تمہیں حکم دیتا ہے کہ تم امانتیں ان کے اہل افراد کے سپرد کر دو، اور جب تم لوگوں میں فیصلہ کرو تو عدل و انصاف کے ساتھ فیصلہ کرو.

ب نصیحت میں شامل ہوتی ہے، اور پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

ن خیر خواہی کا نام ہے، دین خیر خواہی کا نام ہے دین خیر خواہی کا نام ہے.

صحابہ کرام نے عرض کیا : اے اللہ تعالی کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کس کے لیے ؟

ل کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

اور اس کی کتاب کے لیے، اور اس کے رسول کے لیے، اور مسلمان اماموں کے لیے، اور عام مسلمانوں کے لیے "

ی (32/52-53).

ت کرتے ہیں کہ آپ لڑکی کے گھر والوں کی موافقت کے بغیر یہ شادی نہ کریں، انہیں راضی کرنا اور ان کی محبت و مودت حاصل کرنا ضروری ہے، تا کہ قطع رحمی کا باعث نہ بنے، کیونکہ ہو سکتا ہے اس کے بعد ہمیشہ کے لیے ان سے تعلق ہی نہ بنایا جائے.

واللہ اعلم.

اسلام سوال و جواب

95527